کے لکھے ہوئے ہیں۔ انہی مضامین میں ایک مضمون مولوی صاحب کے طرز خط نویسی اور نمونے کے چند خطو
پر مشتمل ہے۔ ان سب مضامین میں مولوی صاحب موصوف کو فراخ حوصلگی سے خراج عقیدت و ارادت
پیش کیا گیا ہے اور ہمیں خوشی ہے کہ اس خود غرض دور زندگی میں بھی ایسے قدر شناس موجود ہیں
اُردو زبان کے پُرانے خدمت گذار کو دل سے ہدیہ تشکر پیش کرنے میں بخل سے کام نہیں لیتے
پھر چند مقالات اُردو زبان وادب سے متعلق مختلف عنوانات پر ہیں۔ جن میں "مسئلہ زبان
ابتدائی تعلیم کی روشنی میں" مولانا عبدالماجد دریابادی "سودا کی شاعری" پروفیسر حامداللہ افسر۔
"شیخ ناسخ اور اصلاح زبان" مولوی طاہر محسن علوی کاکوروی۔ پُراز معلومات، مفید اور توجہ وشوق
سے پڑھنے کے لائق ہیں۔ اخیر کے دو مفید مضمون "حکمت پیامبر دور جدید" احتشام حسین رضوی
"مزاحیہ نگاری" آلِ احمد سرور بھی خاصے ہیں، مگر انہیں تنقیدی نہیں کہا جاسکتا۔ اس مجموعہ میں
مولانا سید سلیمان ندوی کا بھی ایک مقالہ جو اگرچہ پُرانا ہے۔ مگر اُس کی افادیت سے انکار نہیں
ہوسکتا۔ شروع میں آرٹ پیپر پر مولوی عبدالحق صاحب کا ایک فوٹو بھی ہے۔ مجموعی حیثیت سے
یہ نمبر اس لائق ہے کہ اُسے اُردو کا ہر محب اپنے پاس محفوظ رکھے۔

روحانی علاج ۔ مرتبہ حکیم حاجی عبدالحمید صاحب دہلوی و حکیم حافظ محمد سعید صاحب دہلوی
تقطیع بڑی ضخامت علاوہ فہرست دواخانہ کے ۲۰۰ اصفحات طباعت وکتابت اور کاغذ بہتر
قیمت ۱۲ ر پتہ :- ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی۔

اس مرتبہ ہندوستان کے سب سے بڑے طبی رسالہ "ہمدرد صحت" کا خاص نمبر "روحانی
علاج" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ پورا نمبر نو ابواب پر تقسیم ہے۔ پہلا باب "نفسیاتی علاج اور تنویم
تاریخ کی روشنی میں" از اول تا آخر فاضل اڈیٹر کے قلم کا رہین منت ہے اور نہایت محنت و جانفشا
اور عمیق و وسیع مطالعہ کے بعد مرتب کیا گیا ہے۔ دوسرا باب "تنویم اور مظاہر تنویم" پر ہے۔ اس